تلنگانہ اسٹیٹ اُردو اکیڈیمی

چوتھی منزل، حج ہاوز، ناملی، حیدرآباد

تدریسی مواد کی تیاری کے لیے رہنمایانہ اصول

1. یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کی طرف سے تجویز کردہ اختیار پر مبنی تعلیمی نظام (Choice Based Course System) کی من و عن پابندی کی جائے۔
2. تدریسی مواد کا ترجمہ کرتے وقت گوگل (Google) کی مدد لینے سے احتراز کیا جائے، جہاں تک ممکن ہو سکے Cut & Paste سے اجتناب کیا جائے۔
3. تدریسی مواد حوالہ کی صرف ایک ہی کتاب سے اخذ نہ کیا جائے، جو بھی مواد لیا جائے وہ مصدقہ ذریعہ سے ہو اور اس کا حوالہ دیا جائے۔
4. ہر عنوان کے اختتام پر طلبہ کے مزید مطالعہ کے لیے حوالہ کی کتابوں کی فہرست دی جائے۔
5. تدریسی مواد کی ضخامت کا اندازہ لگانے کے لیے تلگو اکیڈیمی کی جانب سے شائع شدہ مواد کو بنیاد بنایا جائے۔
6. جہاں تک ممکن ہو، متنازع مواد کو شامل نہ کیا جائے۔
7. تدریسی مواد میں اگر کچھ غلطیاں پائی جائیں تو اس کی ذمہ داری متعلقہ مرتبین تدریسی نصاب پر عائد ہوگی۔
8. تدریسی مواد کی زبان جہاں تک ہو سکے سہل ہو تا کہ طلبہ و سمجھنے میں دشواری پیش نہ آئے۔
9. ادق پیشہ ورانہ اصطلاحات کے استعمال کی بجائے آسان انگریزی اصطلاحات اور ان کا ترجمہ فراہم کیا جائے۔
10. تدریسی مواد کو اِن-پیج میں 15 فانٹ سائز میں ٹائپ کر کے بھیجا جائے۔
11. یہ پابندیٔ وقت کام ہے اس لیے 31 مارچ 2020ء سے پہلے اسے اختتام کو پہنچانا ضروری ہے۔
12. مرتبین، ندریسی مواد کے علاوہ اپنا سیل فون نمبر، ڈاک کا پتہ اور بنک کا اکاؤنٹ نمبر ضرور تحریر کریں۔

ڈاکٹر محمد غوث

ڈائرکٹر / سکریٹری

تلنگانہ اسٹیٹ اردو اکیڈیمی